نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

حکومت پنجاب گندم کے بیج و دیگر زرعی مداخل پر 2ارب روپے کی سبسڈی فراہم کر رہی ہے، حسین جہانیاں گردیزی

ہدف کے حصول کیلئے کاشتکار رواں ماہ گندم کی کاشت مکمل کریں، وزیر زراعت پنجاب کا زیادہ گندم اگاؤ مہم کے تحت منعقدہ کسان کنونشن میں وڈیو پیغام

لاہور: 23نومبر 2022(   ) وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی نے کہا ہے کہ گندم کی کاشت اور اس کے پیداواری ہدف کے حصول کے لئے پرعزم ہیں اور حکومت پنجاب کاشتکاروں کو ہر ممکن مدد و رہنمائی فراہم کر رہی ہے۔گندم کی فصل ملکی فوڈ سیکیورٹی میں کلیدی کردار کی حامل ہے۔ملک میں گندم کی مجموعی پیداوار میں صوبہ پنجاب کا حصہ 76فیصد ہے۔امسال صوبہ پنجاب کے لئے گندم کا پیداواری ہدف 2 کروڑ 10لاکھ میٹرک ٹن مقرر کیا گیا ہے جسے یقینی بنانے کے لئے کاشتکار گندم کی منظور شدہ اقسام کا بیج استعمال کریں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے محکمہ زراعت پنجاب اور نجی کھاد کمپنی کے باہمی تعاون سے ملتان میں زیادہ گندم اگاؤ مہم کے سلسلہ میں منعقدہ کسان کنونشن میں وڈیو پیغام میں کیا۔صوبائی وزیر زراعت نے مزید کہا کہ امسال حکومت پنجاب گندم کے بیج و دیگر زرعی مداخل پر 2ارب روپے کی سبسڈی فراہم کر رہی ہے تا کہ فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ سے ملکی فوڈ سیکورٹی کو یقینی بنایا جاسکے۔گندم کی امدادی قیمت بڑھا کر 3000روپے فی من مقرر کر دی ہے تا کہ کاشتکار گندم کو ایک منافع بخش فصل کے طور پر زیادہ سے زیادہ رقبہ پر کاشت کریں۔صوبائی وزیر زراعت نے مزید کہا کہ گزشتہ سال ملتان ڈویژن میں 18لاکھ ایکڑ سے زیادہ رقبہ پر گندم کاشت ہوئی جس سے 26لاکھ ٹن سے زائد پیداوار حاصل ہوئی۔انہوں نے کہا کہ گندم کی فصل کو مزید منافع بخش بنانے کے لئے اس کی فی ایکڑ پیداوار میں مزید اضافہ ناگزیر ہے۔حکومت پنجاب نے گندم کی 15نئی اقسام کے 90لاکھ تھیلوں کی کاشتکاروں تک فراہمی کو یقینی بنایا ہے۔کاشتکاروں کی فی ایکڑ پیداواری لاگت میں کمی کیلئے 1200روپے فی تھیلا سبسڈی فراہم کی گئی ہے۔اس کے علاوہ جڑی بوٹی مار زہروں اور جدید مشینری پر سبسڈی فراہم کی جا رہی ہے تا کہ فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ کر کے ملکی ضروریات کو پورا کیا جاسکے۔کاشتکاروں میں جدید پیداواری ٹیکنالوجی متعارف کروانے کے لئے نمائشی پلاٹ، سیمینارز اور یوم کاشتکاران کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔گندم کی زیادہ پیداوار کے لئے جاری مہم کو کامیاب بنانے کے لئے کاشتکاروں کی عملی شرکت لازمی ہے اور اس مقصد کے لئے محکمہ زراعت کا عملہ ان کے شانہ بشانہ شریک ہوگا۔وزیر زراعت پنجاب نے گندم کی زیادہ پیداوار حاصل کرنے کے لئے محکمہ زراعت کی سفارشات، متوازن و متناسب کھادوں اور تصدیق شدہ بیجوں کے استعمال پر زور دیا اور ہدایت کی کہ رواں ماہ گندم کی زیادہ سے زیادہ رقبہ پر کاشت مکمل کریں۔تقریب سے ایڈیشنل سیکرٹری زراعت ٹاسک فورس جنوبی پنجاب امتیاز احمد وڑائچ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ امسال کاشتکاروں کو کم سے کم خرچ سے زیادہ سے زیادہ پیداوار حاصل کرنے کے لئے جدید پیداواری ٹیکنالوجی کے تحت آگاہی دی جا رہی ہے اور زیادہ گندم اگاؤ مہم کو کامیاب کرنے کے لئے محکمہ تمام ذرائع بروئے کار لا رہا ہے۔اس موقع پر وائس چانسلر ایم این زرعی یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر آصف علی نے کہا کہ گندم کی پیداوار میں اضافہ ہمارا قومی فریضہ ہے۔زرعی جامعہ کے طلبہ و طالبات بھی محکمہ زراعت کے شانہ بشانہ فیلڈ میں کاشتکاروں کی رہنمائی میں مصروف عمل ہیں۔اس موقع پر نجی کمپنی کے زرعی ماہر ڈاکٹر سعید اقبال نے گندم کی فصل میں کھادوں کے متوازن استعمال پر تفصیلی روشنی ڈالی اور کاشتکاروں کو سفارش کی کہ وہ گندم کی فصل میں فاسفورسی، پوٹاش اور نائٹروجنی کھادوں کے توازن کا خاص خیال رکھیں۔کسان کنونشن میں ڈائریکٹر زرعی اطلاعات پنجاب محمد رفیق اختر سمیت محکمہ زراعت کے افسران اور کسانوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

0-0-0-0-0